جنگ لاہور
THE DAILY JANG LAHORE

Friday, November 25, 2011

خواتین پر تشدد کا سلسلہ جاری، زیادتی کے واقعات بڑھ گئے

ترقی یافتہ ممالک بھی اس حوالے سے پیچھے نہیں، امریکہ میں 25، سوئٹزرلینڈ میں 23 اور نیوزی لینڈ میں 35 فیصد خواتین تشدد کا نشانہ بنیں

جنگ ڈویلپمنٹ رپورٹنگ سیل

لاہور (رپورٹ: ریاض الحق) آج پوری دنیا میں خواتین پر ہونے والے تشدد کے خلاف آواز اٹھانے اوراس کے خاتمے کے عزم کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔جس کا مقصد خواتین کو معاشرے میں ان کا نمایاں مقام دلوانے کے ساتھ ساتھ ان پر ہونے والے ذہنی اور جسمانی تشدد کو رکوانے کیلئے اقدامات بھی کرنا ہے۔ خواتین معاشرے کا اہم حصہ ہونے کے باوجود ہمیشہ تشدد کا شکار رہی ہیں کبھی انہیں ذہنی تشدد تو کبھی وہ جسمانی تشدد کا نشانہ بنتی ہیں۔ خواتین پر تشدد کا سلسلہ جاری ہے اور زیادتی کے واقعات بھی بڑھ گئے ہیں۔ترقی یافتہ ممالک

صفحہ 11 بقیہ نمبر 30

بقیہ	خواتین پر تشدد	30

بھی اس حوالے سے پیچھے نہیں ہیں۔امریکہ میں 25، سوئٹزرلینڈ میں 23 اور نیوزی لینڈ میں 35 فیصد خواتین تشدد کا نشانہ بنیں۔ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی رپورٹ 2010 کے اعداد وشمار کے مطابق ملک میں 2009 کی نسبت 2010ء کے دوران خواتین کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں میں 213 فیصد اضافہ ہوا جبکہ اس دوران گھریلو تشدد کے واقعات میں 82 فیصد، قتل کے واقعات میں 32 فیصد خودکشی کے واقعات میں 28 فیصد، خواتین کو آگ لگانے کے واقعات میں 24 فیصد، غیرت کے نام پر قتل کے واقعات میں 23 فیصد اور تیزاب کے حملے کے واقعات میں 11 فیصد اضافہ ہوا۔